تعارف و تبصرہ کتب

جناب اختر راہی۔ ایم۔ اے

بلاغِ مبین | مؤلف : مولانا حفظ الرحمان سیوہارویؒ ۔ ناشر : امجد اکیڈمی۔ اردو بازار۔ لاہور

صفحات : ۲۹۵ ۔ قیمت درج نہیں۔

مولانا حفظ الرحمان سیوہارویؒ ایک بلند پایہ عالم دین اور مصنف تھے۔ "قصص القرآن" ــــ "اخلاق اور فلسفۂ اخلاق" اور چند دوسری مقبول کتابیں مرحوم کے قلم سے نکلی ہیں۔ زیرِ نظر تالیف میں مرحوم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرامین تاریخی حوالوں اور اسناد کے ساتھ جمع کئے ہیں۔ اس سلسلہ میں جو تاریخی اشکال پیدا ہوتے ہیں انہیں حسنِ اسلوب اور وسیع النظری کے ساتھ رفع کیا گیا ہے۔

کتاب تین حصوں میں منقسم ہے۔ پہلے حصہ "اصول تبلیغ" میں بتایا گیا ہے کہ دین کی نشر و اشاعت اور کلمۂ حق کے اعلاء کا صحیح طریقۂ کار کیا ہے۔ دوسرے حصہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فرامین یکجا کئے گئے ہیں۔ جو آپ نے دعوتِ اسلام کے لئے معاصر حکمرانوں کو لکھے تھے۔ ان فرامین کا پس منظر اور تاریخی و حدیثی نکات بھی واضح کئے گئے ہیں۔ تیسرا حصہ "نتائج و عبر" میں آنحضرت کے مکتوب الیہم کا ردِعمل، تبلیغ کا مفہوم، جہاد کی حقیقت، قتل مرتد، جزیہ اور تکفیر اہل قبلہ جیسے موضوعات پر قلم اٹھایا گیا ہے۔

امجد اکیڈمی نے "بلاغ مبین" کا زیرِ نظر ایڈیشن خوبصورت سرورق اور اچھے سفید کاغذ پر شائع کیا ہے۔ کچھ عرصہ سے ہمارے ہاں نایاب کتابوں کے ری پرنٹس (REPRINTS) شائع ہو رہے ہیں اس سلسلہ میں مندرجہ ذیل تجاویز پیشِ نظر رکھی جائیں تو ان کتابوں کی افادیت اور قدر و قیمت میں مزید اضافہ ہو سکتا ہے۔

۱۔ مؤلف کتاب کے حالاتِ زندگی شامل کئے جائیں۔

۲۔ کتاب کے اشاریے بنائے جائیں۔

۳۔ مؤلف کے ماخذوں کی فہرست کا اضافہ کیا جائے۔

امید ہے امجد اکیڈمی اپنی مطبوعات میں خوب سے خوب تر کی جستجو میں رہے گی۔